## مخیّر حضرات سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد میں بھرپور تعاون کریں، الطاف حسین

## مخیّر حضرات اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں

## روزہ، تزکیہ نفس اور غریب و مستحق افراد کی بھوک و پیاس محسوس کرنے کا درس دیتا ہے

## کارکنان رمضان المبارک میں عبادات کے ساتھ ساتھ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بھی بڑھ چڑھ کر مدد کریں

لندن۔۔۔12، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور مدد کریں اور دکھی انسانیت کی عملی خدمت کیلئے اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں۔ جمعرات کی صبح ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ارکان اور کارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے انہیں رمضان المبارک کی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ روزہ، دین اسلام کی اہم ترین عبادت ہے جو تزکیہ نفس اور غریب و مستحق افراد کی بھوک پیاس کو محسوس کرنے اور ان کی عملی مدد کرنے کا درس دیتا ہے۔ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ ایسے موقع پر آیا ہے جب پورا ملک سیلاب کی تباہ کاریوں کی لپیٹ میں ہے، سیلاب کے باعث سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ لاکھوں افراد کھلے آسمان تلے بھوک و افلاس اور کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے بھائیوں کی مدد کرنا ہمارا بنیادی فرض ہے لہٰذا میں ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ رمضان المبارک میں عبادات کے ساتھ ساتھ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بھی بڑھ چڑھ کر مدد کریں اور سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے سکھر، حیدرآباد اور دیگر شہروں میں حفاظتی پشتوں کی تیاری میں دن رات کام کرنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن، ماضی میں سونامی اور پاکستان میں قیامت خیز زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کی عملی خدمت کرتا رہا ہے جس کی مثال نہیں ملتی اور اب یہ فلاحی ادارہ پاکستان بھر میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی عملی خدمت میں مصروف ہے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ لاکھوں خاندانوں کی امداد میں بھرپور تعاون کریں اور رمضان المبارک کے مہینہ میں فطرہ، زکوٰۃ، صدقہ اور اپنے دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں اور مشکل کی اس گھڑی میں اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کا عملی ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ مخیّر حضرات اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں جمع کرا سکتے ہیں۔ مخیّر حضرات مزید معلومات کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 3690 3631 -021 یا 9900 3632 021 اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کے فون نمبر 363-021 74882 یا 64572 342 -021 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے بحیثیت وزیر حلف اُٹھالیا

مظفر آباد۔۔۔12، اگست 2010ء

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے بحیثیت وزیر حلف اُٹھالیا ہے۔ یہ فیصلہ آزاد کشمیر کی حکومت نے گزشتہ روز مظفر آباد میں منعقد ہونے والی حلف برادری تقریب کے موقع پر کیا۔ دریں اثناء آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر طاہر کھوکھر نے مظفر آباد ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران و کارکنان کے ہمراہ سرکار سائیں سہیلی کے مزار پر حاضری دی اور ایم کیوایم قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور انکی درازی عمر کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد کی جانب سے سندھ کے بچاؤ بند پر اپنی مدد آپ کے تحت حفاظتی اقدامات

## حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی و دیگر کا بچاؤ بند کا دورہ، امدادی کاموں کا جائزہ

حیدرآباد۔۔۔12 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم حیدرآباد زون کے ذمہ داران و کارکنان نے حیدرآباد شہر کو ممکنہ سیلاب و قدرتی آفات سے بچانے کیلئے دریائے سندھ کے بچاؤ بند پر اپنی مدد آپ کے تحت حفاظتی اقدامات اور بند کے پشتوں کی مضبوطی کا کام شروع کر دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف و اراکین زونل کمیٹی، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی صلاح الدین، سید طیب حسین اور وسیم حسین نے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کے ساتھ مل کر سحرش نگر، حسین آباد، لطیف آباد نمبر 4، 5 اور 10 تک دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر بند کو مضبوط کرنے اور سیلاب سے بچاؤ کیلئے حفاظتی اقدامات کیے اور پتھر و مٹی کے تھیلے بھر نے سمیت انہیں مختلف مقامات پر رکھنے کے کام انجام دیے۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف کے ہمراہ فلڈ مانیٹرنگ کیمپ اور بچاؤ بند کے مختلف مقامات پر کارکنان کے جانب جاری حفاظتی اقدامات کے کاموں کو جائزہ لیتے ہوئے وہاں موجود ایم کیوایم کے کارکنان و ذمہ داران سے سیلابی صورتحال سے متعلق معلومات حاصل کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے بچاؤ بند کی حفاظتی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر جس طرح گذشتہ کئی دنوں سے ایم کیوایم کے کارکنان متاثرین سیلاب کی بحالی اور ممکنہ سیلاب و قدرتی آفات سے حیدرآباد کو بچانے کے کاموں میں مصروف عمل ہیں وہ قابل ستائش ہے۔انہوں نے کہا کہ صرف حیدرآباد میں ایم کیوایم کے 10 ہزار سے زائد کارکنان دن رات مختلف شفٹوں میں بچاؤ بند پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں جبکہ دیگر اضلاع میں بھی ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان قائد تحریک کی ہدایت پر مختلف دیہاتوں اور قصبوں میں سیلاب زدگان کی امداد کے کاموں میں مصروف عمل ہے۔دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین اور ایم کیوایم حیدرآباد زون کے ذمہ داران کے ہمراہ حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں قائم ایم کیوایم کے ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور وہاں پر امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے کاموں کا جائزہ لیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سندھ میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے سرگرمیاں بڑے پیمانے پر جاری

## سکھر سے بیس کیمپ سے بھاری مقدار میں اشیاء خورد ونوش اور دیگر امدادی سامان سے لدھا ٹرک شکارپور روانہ

## غذائی اجناس میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، مصالحہ جات، خشک دودھ، چائے کی پتی، نمک وغیرہ شامل ہیں

سکھر۔۔۔12، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سندھ میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے بڑے پیمانے پر ریلیف سرگرمیاں زور و شور سے جاری ہیں اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی نگرانی میں منتخب حق پرست نمائندے، ذمہ داران اور کارکنان پر مشتمل مختلف ٹیمیں دن و رات ریلیف کے کاموں میں حصہ لے رہی ہیں اور حفاظتی بندوں کو مضبوط کرنے میں مصروف عمل ہیں جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سکھر ریلیف بیس کیمپ سے امدادی سامان ٹرکوں کے ذریعے متاثرہ علاقوں میں روانہ کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن آفتاب سومرو سکھر ریلیف بیس کیمپ سے غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان لیکر ٹرک جمعرات کو شکارپور روانہ ہوگئے امدادی ٹرک میں بھاری مقدار میں امدادی اشیاء خورد ونوش آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، چائے کی پتی، نمک، مصالحہ جات، خشک دودھ اور ادویات کے علاوہ منرل واٹر، ماچس اور صابن بھی شامل ہیں جنہیں کارٹن میں پیک کیا گیا، امدادی ٹرک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالد عمر) آئی ایس ٹی سی اور زونل کمیٹی کے ارکان نے اپنی نگرانی میں لوڈ کروایا اور روانہ کیا یہ امدادی سامان شکارپور میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں چک، رستم، محمد آباد اور خالد پور میں تقسیم کیا جائے گا۔سکھر میں حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی عارف مسیح اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان حبیب بلیدی، ریاض احمد نے سکھر زونل کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ کندکوٹ میں سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دوپہر کا کھانا، خشک اجناس اور پینے کیلئے منرل واٹر تقسیم کیا اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ہاتھ اٹھا کر جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں رضا حیدر شہید کیلئے فاتحہ خوانی

مظفرآباد۔۔۔12اگست2010ء

آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی جانب سے کراچی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہونے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور محافظ محمد خالد خان شہید کیلئے فاتحہ خوانی کرنے کی تحریک پیش کی گئی جو اسمبلی میں منظور کرلی گئی۔جس پر رضا حیدر اور ان کے محافظ محمد خالد خان شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔دریں اثناء وزیراعظم آزادکشمیر کے سردار عتیق احمد خان کی صدارت میں کابینہ کے پہلے اجلاس میں بھی ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی رضا حیدر ان کے محافظ محمد خالد خان سمیت کراچی کے واقعات میں متعدد افراد کی شہادت پر بھی فاتحہ خوانی کی گئی اور سوگواران سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔

## رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون کا پی ڈی ایم اے (سندھ) کے ڈائریکٹر جنرل صالح فاروقی سے ٹیلی فون پر رابطہ

کراچی۔۔۔12،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے سندھ کے پروویژنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے ڈائریکٹر جنرل صالح فاروقی سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور سیلاب سے ہونیوالی تباہ کاریوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سندھ میں سیلاب کے حوالے سے تازہ ترین صورتحال معلوم کیں۔گفتگو میں رضا ہارون نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین سندھ میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی مشکلات سے شدید غم زدہ ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین نے سیلاب سے متاثرہ عوام کی ہر ممکن مدد کیلئے حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران و کارکنان ہدایت جاری کی ہیں۔اس موقع پر صالح فاروقی نے سیلاب زدگان کی مدد کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور انہیں سندھ میں سیلاب سے متعلق تازہ ترین معلومات فراہم کیں۔

## طلبہ باشعور معاشرے کی تشکیل نو کیلئے اہم کردار ادا کرتے ہیں، زبیر احمد
## حصول علم کے ذریعے قوموں کی تقدیریں سنواریں جاسکتی ہیں، طاہر حسین
## حق پرست صوبائی وزیر اور اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین کا پری انٹری ٹیسٹ کی تقریب سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔12/اگست2010ء

حق پرست صوبائی وزیر برائے دیہی زبیر احمد نے کہا ہے کہ طلبہ باشعور معاشرے کی تشکیل نو کیلئے اہم کردار ادا کرتے ہیں اور ملک کی ترقی کیلئے ہمیشہ مصروف عمل رہتے ہیں یہ بات انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن حیدرآباد سیکٹر کے تحت منعقدہ پری انٹری ٹیسٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین طاہر حسین حیدرآباد سیکٹر، یونٹس اور زون کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ طلبہ و اساتذہ بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ میں علم کے فروغ کیلئے تعلیمی اداروں میں نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی آرہی ہے اور اس ہی سلسلے کی کڑی ہے کہ آج بھی اے پی ایم ایس او اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے حیدرآباد سیکٹر میں ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا ہے جو کہ طلبہ کیلئے لائق تحسین ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اس پری انٹری ٹیسٹ میں 600 سے زائد طلبہ نے حصہ لیا ہے جنھیں اس پری انٹری ٹیسٹ کے ذریعے اپنی سیلف اسسمنٹ کی تیاری کرنے میں مدد ملے گی اور طلبہ کسی بھی جامعات میں داخلے سے قبل ہونے والے سیلف اسسمنٹ سے پہلے ہی خود ذہنی طور پر تیار محسوس کرینگے۔اس دوران انہوں نے پری انٹری ٹیسٹ کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان کو مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک دلی خواہشات کا اظہار بھی کیا۔اس موقع کے وائس چیئرمین طاہر حسین نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین ک تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر طلبہ میں علم عام کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لارہی جس کی مثال آج کا یہ پری انٹری ٹیسٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ میں سیاسی شعور بیدار کرنا چاہتی ہے جس کیلئے آپ طلبہ کو اے پی ایم ایس او کے ساتھ ملک دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خلاف جدوجہد کرنا ہوگی موجود دور میں ہمیں پہلے خود کو جدید علوم سے منور کرنا ہوگا پھر کہیں جا کر ہم اس ملک میں انقلاب لا سکتے ہیں۔

## ایم کیوایم دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے

## ساتھیوں کی شہادتوں پر دکھی ہونے کے باوجود الطاف بھائی نے اپنے حق پرست نمائندوں اور

## ایم کیوایم کے ذمہ داران کو سیلاب زدگان کی مدد کرنے کی ہدایت کر کے عوام سے محبت کا واضح ثبوت دیا ہے

## شاکر علی اور خواجہ اظہار الحسن کی میڈیا سے گفتگو، بچاؤ بند کا دورہ کارکنان کی حوصلہ افزائی

حیدرآباد۔۔۔12، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شاکر علی اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ سیاست برائے خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو دکھی انسانیت کی بے لوث عملی خدمت کر رہی ہے اور تمام تر نامناسب حالات کے باوجود سندھ ہی نہیں بلکہ ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد جاری رکھے ہوئے ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز تاریخی شہر حیدرآباد میں دریائے سندھ کے پشتوں کے دورے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حال میں ہمارے رکن سندھ اسمبلی کو لینڈ وڈرگ مافیا کے دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے دہشت گردی کی بھینٹ چڑھا دیا گیا جبکہ گزشتہ ایک سال کے دوران ہمارے سینکڑوں ذمہ داران وکارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں انتہائی سفاکی سے قتل کیا جاچکا ہے تاہم ان نامناسب حالات کے باوجود قائد تحریک الطاف حسین نے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو ہدایت کی ہے کہ سیلاب زدگان عوام کی مدد اور ان کے دکھوں کو کم کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ ریلیف کے کام انجام دیں جو یقیناً قائد تحریک کی غریب عوام سے محبت واخوت اور پیار کا واضح ثبوت ہے۔دریں اثناء شاکر علی اور خواجہ اظہار الحسن نے حیدرآباد میں جمعرات کی شام دریائے سندھ میں 2,08,471 پانی کی آمد کے پیش نظر لطیف آباد نمبر 4، 5، 10، پنہور گوٹھ اور حسین آباد پر بچاؤ بند پر حفاظتی پشتوں کا ہنگامی دورہ کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے حفاظتی پشتوں پر پتھر لگانے مٹی کے بیگز بھرنے اور دیگر کاموں کا جائزہ لیا، ایم کیوایم کی جانب سے دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر پشتوں کو مضبوط کرنے کیلئے اب تک سینکڑوں ٹرک پتھر اور مٹی کی ٹرالیاں ڈالی جاچکی ہے جنہیں ایم کیوایم کے کارکنان نے انتہائی محنت سے ترتیب دیا ہے جبکہ مٹی کے تقریباً پانچ ہزار سے زائد بیگز کو بھی مختلف مقامات پر رکھنے کا کام انجام دیا گیا ہے۔شاکر علی اور خواجہ اظہار الحسن نے سیلابی پانی میں تیزی سے اضافے سے ملحقہ آبادیوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی پشتوں کو ہنگامی بنیادوں پر مزید مضبوط کرنے کے کاموں میں مصروف عمل ایم کیوایم کے حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹر یونٹس کے ذمہ داران اور کارکنان کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے بچاؤ بند پر بنائے گئے ایم کیوایم کے فلڈ مانیٹرنگ کیمپوں کا دورہ کیا اور وہاں جاری ریسکیو کے کاموں معائنہ کر کے اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج شریف خان واراکین زونل کمیٹی اور حیدرآباد کے مختلف سیکٹرز کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے میڈیکل کمیٹی کے انچارج فاروق جمیل کی خوشدامن محترمہ فریدہ بیگم، سرجانی سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے ساتھی احمد علی کے بھائی شاہد اختر ، اورنگی سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن فراز احمد کے بھائی اکبر احمد، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کمیٹی ممبر راشد وہاب کی بہن محترمہ ناہید بیگم، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے کارکن ندیم قریشی کی والدہ محترمہ شریف بیگم، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن سلمان کی ہمشیرہ محترمہ شازیہ بیگم، گلشن اقبال یونٹ 68 کے کارکن نور فاروقی کی ہمشیرہ سعدیہ فارق، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن عبدالرحمٰن کے بھائی محمد یعقوب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆